مصنف کا تعارف

مجتبیٰ حسین 15 /جولائی 1936ء کو ضلع گلبرگہ (کرناٹک) میں پیدا ہوئے۔ 1956ء میں عثمانیہ یونیورسٹی حیدرآباد دکن سے بی۔اے کیا۔ پھر روزنامہ سیاست' حیدرآباد سے وابستہ ہوئے۔ 1962ء میں اسی اخبار میں مزاحیہ کالم نگاری شروع کی۔ 1972ء میں حیدرآباد سے دہلی منتقل ہوئے اور نیشنل کاؤنسل آف ایجوکیشنل ریسرچ اینڈ ٹریننگ سے وابستہ ہوئے جہاں سے 1991ء میں بحیثیت ایڈیٹر وظیفہ پر سبکدوش ہوئے۔ 1993ء میں روزنامہ 'سیاست' کے لیے دوبارہ کالم نگاری شروع کی۔ 27/مئی 2020 کو ان کا انتقال ہوا۔

ولادت:

15 /جولائی 1936ء
گلبرگہ (کرناٹک)

وفات:

27/مئی 2020ء

تصانیف: تکلف برطرف' قطع کلام' قصہ مختصر' بہرحال' آدمی نامہ' بالآخر' جاپان چلو جاپان چلو' الغرض' سو ہے وہ بھی آدمی' چہرہ در چہرہ' سفر لخت لخت' آخر کار' ہوئے ہم دوست جس کے' میرا کالم' مجتبیٰ حسین کی بہترین تحریریں ہیں۔

اعزازات: غالب انسٹی ٹیوٹ' دہلی کا پہلا غالب ایوارڈ برائے اُردو طنز و مزاح: 1984' کل ہند مخدوم محی الدین ایوارڈ' آندھرا پردیش اُردو اکادمی: 1993' حکومت کی جانب سے پدم شری کا اعزاز: 2007' گلبرگہ یونیورسٹی کی جانب سے ڈی۔لٹ کی اعزازی ڈگری: 2010